**2025-01-26**

**Hrs 08.30**

-----------------------------------------------------------------

1* آج 76 واں یومِ جمہوریہ منایا جارہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی کے کَرتویہ پَتھ پر تقریبات میں ملک کی قیادت کی اور پریڈ کی سلامی لی۔

* انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto نے یومِ جمہوریہ تقریبات میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔

* رنگارنگ پریڈ میں شامل 31 جھانکیوں نے ''سورنِم بھارت، وراثت اور وِکاس'' کے موضوع کی عکاسی کی۔

* 139 ممتاز افراد کو اِس سال کے پدم ایوارڈز کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ اِن میں سشیل مودی، MT واسو دیون نائر، جسٹس JS Khehar، پنکج Udhas، Bibek Debroy اور Osamu Suzuki شامل ہیں۔

* اور ایتھلیٹکس میں، فرانس میں بھارت کی جیوتی Yarraji نے خواتین کے 60 میٹر کے انڈور Hurdles مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**REPUBLIC DAY PARADE**

آج 76 واں یومِ جمہوریہ منایا جارہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی میں کَرتویہ پَتھ پر یومِ جمہوریہ کا جشن منانے میں ملک کی قیادت کی۔

**Jayati Jay Bharatam**

تقریبات کا آغاز نیشنل وار میموریل پر وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے سے ہوا۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، تقریب کے مہمانِ خصوصی انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto کے ہمراہ روایتی بگھی میں کَرتویہ پَتھ پہنچیں۔ قومی پرچم لہرائے جانے کے بعد، 21 توپوں کی سلامی کے ساتھ قومی ترانہ گایا گیا۔

105 ملی میٹر کی Light Field Guns کا استعمال کرتے ہوئے، توپوں کی سلامی دی گئی۔

**Gun Salute - 21**

ملک کے مختلف حصوں سے موسیقی کے الگ الگ ساز استعمال کرتے ہوئے، 300 کلچرل فنکاروں نے ''سارے جہاں سے اچھا'' کی دُھن بجائی۔ ''ایم آئی 17 فور'' ہیلی کاپٹروں نے Dhwaj کی شکل میں پھولوں کی پتیاں برسائیں۔

کرتویہ پَتھ پر T-90 ٹینک بھیشم، ناگ میزائل نظام، برہموس، Pinaka ملٹی لانچر راکٹ نظام، اَگنی بان ملٹی بیرل راکٹ لانچر، آکاش اسلحہ نظام، مربوط جنگی نگرانی نظام، سبھی طرح کے راستوں پر کام آنے والی گاڑی Chetak اور ہلکی خصوصی گاڑی بجرنگ کی نمائش کی گئی۔

انڈونیشیا کے 190 اہلکاروں پر مشتمل بینڈ کے دستے اور 160 اہلکاروں کے مارچنگ دستے نے پریڈ میں حصہ لیا۔

مختلف ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور مرکزی سرکار کی وزارتوں اور محکموں کی 31 جھانکیاں پریڈ میں شامل تھیں، جس میں سورنِم بھارت، وراثت اور وِکاس کے موضوع کی عکاسی کی گئی۔

پہلی بار کَرتویہ پَتھ پر فوج کی تینوں شاخوں کی جھانکی کے ذریعے یکجہتی اور اتحاد کے جذبے کا مظاہرہ کیا گیا۔ ہریانہ کی جھانکی میں بھگوَد گیتا اور اترپردیش کی جھانکی میں 2025 کے مہاکنبھ کی عکاسی کی گئی۔

47 ہوائی جہازوں کے فلائی پاسٹ کے ساتھ اِس تقریب کا اختتام ہوا۔

اِس میں رافیل، Su-30، Jaguar، C-130، Dornier-228 اور An-32 ہوائی جہازوں نیز اَپاچے اور ایم آئی 17 ہیلی کاپٹروں نے حصہ لیا۔

**Background Sound**

پریڈ دیکھنے کیلئے سرکار کے خصوصی مہمانوں کے طور پر زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ افراد کو ملک اور معاشرے کی تعمیر میں، اُن کے رول کو تسلیم کرتے ہوئے مدعو کیا گیا تھا۔ 34 زمروں میں، 10 ہزار افراد خصوصی مہمان کی حیثیت سے پریڈ دیکھنے کیلئے وہاں موجود تھے۔ اِن میں مختلف گاؤوں کے سرپنچ، دستکاری اور ہتھ کرگھا شعبے کے کاریگر، SHG ارکان، آشا اور آنگن واڑی کارکن نیز سڑکوں کی تعمیر سے وابستہ کارکن شامل تھے۔ x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**RD STATES**

مختلف ریاستوں، مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں اور بیرونِ ملک سے بھی یومِ جمہوریہ تقریبات کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں۔

مہاراشٹر میں 76 واں یومِ جمہوریہ حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ ریاست کے گورنر سی پی رادھا کرشنن نے دادر میں چھترپتی شیواجی مہاراج میدان میں قومی پرچم لہرایا۔ اِس موقع پر گورنر موصوف نے کہا کہ مہاراشٹر سبھی شعبوں میں آگے بڑھ رہا ہے۔

مدھیہ پردیش میں وزیر اعلیٰ موہن یادو نے اندور میں قومی پرچم لہرایا اور سرکار کی کامیابیوں کو اجاگر کیا۔

آسام میں بھی گواہاٹی میں یومِ جمہوریہ کی تقریبات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

گورنر لکشمن پرساد اچاریہ نے گواہاٹی میں ترنگا لہرایا اور کہا کہ سرکار، ریاست کی ہمہ جہت ترقی کیلئے کام کررہی ہے۔

چھتیس گڑھ میں یومِ جمہوریہ کا جشن پورے جوش و خروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ بڑی تقریب راجدھانی رائے پور کے پولیس پریڈ گراؤنڈ میں ہوئی۔ ریاست کے گورنر Ramen Deka نے پریڈ کی سلامی لی اور اِس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ ہمارے ملک کو سب سے بڑا خطرہ پُرتشدد نظریات سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے تقریباً ایک

سال میں چھتیس گڑھ سرکار نے سرگرم مہم چلاکر ماؤ نوازوں کو شکست دینے کیلئے سخت محنت کی ہے۔ x

## J&K - REPUBLIC DAY

جموں و کشمیر میں یومِ جمہوریہ کی تقریبات سخت سکیورٹی بندوبست میں روایتی جوش و خروش کے ساتھ پُرامن طور پر گزر گئیں۔ بڑی تقریب سری نگر میں ہوئی۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے سری نگر کے بخشی اسٹیڈیم میں یومِ جمہوریہ کی بڑی تقریب میں ترنگا لہرایا۔ انہوں نے یومِ جمہوریہ پریڈ کی سلامی لی، جس میں جموں و کشمیر پولیس، CRPF، BSF، ITBP، SSB اور اسکولی بچوں نے حصہ لیا۔

اِس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموں و کشمیر بدستور بھارت کا تاج ہے اور یہ ترقی کے راستے پر لگاتار آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی زیرِ قیادت سرکار اِس سفر کو پورے جوش اور ولولے کے ساتھ آگے بڑھائے گی۔ x

## BIHAR - REBUBLIC DAY

بہار میں، 76 واں یومِ جمہوریہ روایتی جوش و خروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ ریاستی سطح کی اصل سرکاری تقریب پٹنہ کے گاندھی میدان میں ہوئی، جہاں گورنر عارف محمد خاں نے قومی پرچم لہرایا اور پریڈ کی سلامی دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بہار کے گورنر نے کہا کہ ریاستی حکومت نوجوانوں کو نوکریاں فراہم کرنے کے لیے پوری طرح پُر عزم ہے۔x

## WB - REPUBLIC DAY

76واں یومِ جمہوریہ مغربی بنگال میں پوری دھوم دھام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ کولکاتہ میں Red Road پر بڑی ریاستی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ گورنر ڈاکٹر سی وی Anada Bose نے ترنگا لہرایا۔ ریاست کی وزیر اعلیٰ ممتابنرجی اور دیگر سرکردہ لوگ اِس موقع پر موجود تھے۔ فوج، بحریہ، فضائیہ، کولکاتہ پولیس اور مغربی بنگال پولیس نے اپنی شجاعت کا مظاہرہ کیا۔ x

## TRIPURA - REPUBLIC DAY

تریپورہ میں یومِ جمہوریہ حب الوطنی کے جذبے اور پوری دھوم دھام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ تریپورہ کے گورنر اندر سینا ریڈی Nallu نے ترنگا لہرایا اور پریڈ کی سلامی لی، جس میں BSF، آسام رائفلز، CRPF، تریپورہ ریاستی رائفلز، میزورم پولیس اور ہوم گارڈس کے دستوں نے حصہ لیا۔ x

## SL - REPUBLIC DAY

کولمبو میں بھارتی ہائی کمیشن اور سری لنکا میں دیگر سفارتی دفاتر میں بھی بھارت کا 76 واں یومِ جمہوریہ منایا گیا۔ اِس موقع پر قائم مقام ہائی کمشنر ڈاکٹر Satyanjal Pandey نے کولمبو میں انڈیا ہاؤس میں قومی پرچم لہرایا۔

سری لنکا میں بھارتی قیامِ امن فورسز کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے، انہوں نے کولمبو میں IPKF میموریل پر گلدائرہ نذر کیا۔ ڈاکٹر پانڈے نے، یومِ جمہوریہ کے موقع پر ملک سے صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کو پڑھ کر سنایا اور ایک جمہوریہ کے طور پر بھارت کے سفر کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اِس موقع پر بھارتی برادری کے لوگوں نے بڑی تعداد میں جشن میں حصہ لیا۔ x

## BANGLADESH - INDIA R DAY

بنگلہ دیش میں ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن میں، بھارت کا 76 واں یومِ جمہوریہ جوش و خروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ بھارتی برادری کے لوگوں نے بڑی تعداد میں، اِس جشن میں حصہ لیا۔ بنگلہ دیش میں بھارت کے ہائی کمشنر Pranay Verma نے قومی پرچم لہرایا۔ انہوں نے یومِ جمہوریہ کے موقع پر ملک سے صدرِ جمہوریہ کے خطاب کے کچھ اقتباسات پڑھ کر سنائے۔ ہائی کمشنر نے وہاں موجود بھارتی برادری کے لوگوں کا خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ بھارتی برادری کے لوگوں نے حب الوطنی کے نغمے گائے۔

کَل ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمشنر نے ایک بڑے استقبالیے کا اہتمام کیا، جس میں بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے پلاننگ اور تعلیم کے مشیر وحید الدین محمود مہمانِ خصوصی تھے۔ x

## PADMA AWARDS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سال 2025 کیلئے 139 پدم ایوارڈز عطا کئے جانے کی منظوری دی ہے۔ پدم ایوارڈز کی فہرست میں 7 پدم وبھوشن، 19 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایورڈز شامل ہیں۔ اِن ایوارڈ یافتگان میں 23 خواتین بھی ہیں۔ اِس فہرست میں غیر ملکیوں / NRI / پی آئی او / او سی آئی کے زمرے سے 10 افراد اور 13 بعد از مرگ ایوارڈ یافتگان ہیں۔ بھارتی مصنف اور ادیب MT Vasudevan Nair، سوزوکی موٹر کارپوریشن کے سابق چیئرمین Osamu Suzuki اور گلوکارہ شاردا سنہا کو بعد از مرگ پدم وبھوشن سے نوازا گیا ہے۔ گلوکار پنکج اداس  اور ماہر اقتصادیات وویک دیو رائے کو بعد از مرگ پدم بھوشن سے سرفراز کیا گیا ہے۔

ہاکی کھلاڑی پی آر شری جیش کو بھی پدم بھوشن ایوارڈ عطا کیا گیا ہے۔ کرکٹ کھلاڑی آر اشون اور فٹبال کھلاڑی IM Vijayan کو پدم شری ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ پدم وبھوشن ایوارڈ کسی بھی شعبے میں غیر معمولی اور ممتاز خدمات کیلئے جبکہ پدم بھوشن ایوارڈ اعلیٰ قسم کی ممتاز خدمات اور پدم شری ایوارڈ ممتاز خدمات کیلئے عطا کیا جاتا ہے۔x

## MAHAKUMBH - NARENDRA MODY APP

اب خبریں مہا کمبھ 2025 سے،

## Montage Opening

پریاگ میں جاری مہا کمبھ کا آج چودھواں دن ہے۔ عقیدتمند رسومات ادا کرنے کے بعد میلے میں مختلف نمائشوں اور پویلین کو دیکھنے بھی جا رہے ہیں۔ اِن میں سے ایک نریندر مودی ایپ سب کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ نمائش میں نریندر مودی ایپ کی مختلف خصوصیات اور فوائد کے بارے میں بتایا جا رہا ہے۔ اور کس طرح اسے داؤنلوڈ کیا جا سکتا ہے، اس کی تفصیل بھی بتائی جا رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے نریندر مودی ایپ ایگزبیشن کے انچارج نے کہا کہ لوگ اس ایپ کے ذریعے مختلف  اسکیموں اور پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔x

## ATHLETICS NATIONAL RECORD

ایتھلیٹکس میں فرانس میں خواتین کے 60 میٹر انڈور Hurdles مقابلے میں بھارت کی جیوتی Yarraji نے اپنا قومی ریکارڈ توڑتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ جیوتی خواتین کے 100 میٹر Hurdles میں، پہلے ہی نیشنل ریکارڈ بنا چکی ہے۔ انہوں نے فائنل میں 8 اعشاریہ صفر چار سیکنڈس میں جیت حاصل کی تھی۔x

**REV. TENNIS**

**آسٹریلیائی اوپن ٹینس میں، آج میلبرن پارک میں امریکہ کی Taylor Townsend اور چیک جمہوریہ کی Katerina Siniakova کی عالمی سطح پر سرِفہرست جوڑی نے خواتین ڈبلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ انہوں نے لاتویہ اور تائیوان کی جوڑی کو چھ-دو، چھ-سات، چھ-تین سے ہرایا۔**

**دوسری جانب مردوں کے سنگلز کے فائنل میں اٹلی کے Jannik Sinner کا مقابلہ جرمنی کے Alexandar Zverev سے ہونے والا ہے یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے سے کھیلا جائے گا۔**

**یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔**

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

***	آج 76 واں یومِ جمہوریہ منایا جارہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی کے کَرتویہ پَتھ پر تقریبات میں ملک کی قیادت کی اور پریڈ کی سلامی لی۔**

***	انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto نے یومِ جمہوریہ تقریبات میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔**

***	رنگارنگ پریڈ میں شامل 31 جھانکیوں نے ”سورنِم بھارت، وراثت اور وِکاس“ کے موضوع کی عکاسی کی۔**

***	139 ممتاز افراد کو اِس سال کے پدم ایوارڈز کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ اِن میں سشیل مودی، MT واسو دیون نائر، جسٹس JS Khehar، پنکج Udhas، Bibek Debroy اور Osamu Suzuki شامل ہیں۔**

***	اور ایتھلیٹکس میں، فرانس میں بھارت کی جیوتی Yarraji نے خواتین کے 60 میٹر کے انڈور Hurdles مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔**

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

**----------------------------------------**